MZK / Shabbir

14-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ حکمراں اور اپوزیشن اتحاد کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔

2 بی جے پی آج اپنا انتخابی منشور جاری کرے گی۔کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 16 امیدواروں پر مشتمل ایک اور فہرست جاری کی ہے۔

3 ملک آج بھارت کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ان کی سالگرہ پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

4 ایران نے اسرائیل پر ڈرون حملے کئے ہیں۔ اس نے ایک مال بردار جہاز کو بھی اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ اس جہاز پر سوار عملے کے افراد میں 17 بھارتی شامل ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں

کل رات چنڈی گڑھ میں راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کی مہم عروج پر ہے۔ سیاسی پارٹیاں اپنے اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی لگاتار کوشش کررہی ہیں۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کی ممتاز شخصیتیں، ملک کے مختلف حصوں میں متعدد ریلیاں اور روڈ شوز کا انعقاد کررہی ہیں۔
پہلے مرحلے کے تحت 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 4 علاقوں کی 102 لوک سبھا سیٹوں اور سکم میں 32 اسمبلی حلقوں، نیز اروناچل پردیش میں 60 اسمبلی حلقوں کے لئے، 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔
وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندرمودی آج کرناٹک کے ایک روزہ دورے پر ہوں گے۔ وزیراعظم آج سہ پہر میسورو میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ بعد میں وہ ساحلی شہر مینگلورو میں ایک روڈ شو بھی کریں گے۔
میسورو کے عوامی جلسے میں میسورو، چام راج نگر، مانڈیا اور ہاسن لوک سبھا حلقوں کے پارٹی کارکنان شرکت کریں گے۔ مینگلورو میں روڈ شو کا انعقاد آج شام سری نارائن گرو سرکل سے نوبھارت سرکل تک کیا جارہا ہے۔
جناب مودی آج رات پارٹی امیدواروں کی حمایت کیلئے دو عوامی جلسوں سے خطاب کرنے کیلئے کوچی پہنچیں گے۔ کل صبح وہ Kunnamkulam کے نزدیک Cheruvattani کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ یہ علاقہ Alathur ریزرو سیٹ کے تحت آتا ہے۔ بعد میں وہ Attingal کیلئے روانہ ہوجائیں گے جہاں وہ کرشچین کالج گراؤنڈ، Kattakada میں ایک اور عوامی جلسے

سے خطاب کریں گے۔ اس پارلیمانی حلقے سے بی جے پی نے امورخارجہ کے وزیرِمملکت وی مرلی دھرن کو امیدوار بنایاہے۔
جناب مودی آج مدھیہ پردیش کے نرمدا پورم پارلیمانی حلقہ میں بھی ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

*وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی آج نرمداپورم پارلیمانی حلقے کے پپریا کے مقام پر ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم چناؤ مہم کیلئے تیسری مرتبہ مدھیہ پردیش پہنچ رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، سابق وزیراعلیٰ شیوراج سنگھ چوہان اور بی جے پی کے دیگر سینئر رہنما مختلف مقامات پر چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ کل چھندواڑہ لوک سبھا حلقے میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر لیڈر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے اپوزیشن اتحاد کو پالیسی، قائد اور اصولوں سے عاری قرار دیا۔*

*کانگریس کی طرف سے ریاستی کانگریس صدر جیتو پٹواری، سابق مرکزی وزیر ارون یادو اور راجیہ سبھا **MP** وویک تنکھا، نرسنگھ پور، **Shahdol** اور سیونی ضلعوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ ساجوادی پارٹی کے ریاستی صدر ڈاکٹر منوج یادو نے بھی کل کھجوراہو میں پارٹی کارکنوں سے خطاب کیا۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں مجیب اختر*

## BJP Manifesto

بی جے پی آئندہ لوک سبھا انتخابات کیلئے سنکلپ پتر کے نام سے آج اپنا انتخابی منشور جاری کرے گی۔ یہ انتخابی منشور نئی دلی میں واقع پارٹی ہیڈ کوارٹرس میں وزیراعظم اور پارٹی کے سینئر رہنما نریندر مودی کی موجودگی میں جاری کیا جائے گا۔ اس موقع پر پارٹی کے دیگر سینئر رہنما بھی موجود ہوں گے۔

## Congress List

کانگریس نے کل لوک سبھا انتخابات کیلئے 16 امیدواروں پر مشتمل ایک اور فہرست جاری کی۔ اس فہرست میں گجرات کیلئے چار امیدوار، ہماچل پردیش کیلئے دو امیدوار، چنڈی گڑھ کیلئے ایک امیدوار اور اڈیشہ کیلئے 9 امیدواروں کے نام شامل ہیں۔ کانگریس MP منیش تیواری چنڈی گڑھ لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے جبکہ ہماچل پردیش کے ریاستی وزیر وکرمادتیہ سنگھ منڈی لوک سبھا حلقے سے پارٹی کے امیدوار ہوں گے جہاں سے BJP نے کنگنا رناوت کو میدان میں اتارا ہے۔ سابق مرکزی وزیر سری کانت جینا اڈیشہ کے بالاسور پارلیمانی حلقے سے چناؤ لڑیں گے۔ان امیدواروں کے ناموں کی منظوری پارٹی کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے دی۔ کانگریس نے گجرات قانون ساز اسمبلی کے ہونے والے ضمنی انتخابات کیلئے بھی چار امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

## AP CM Injured

آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ اور YSR کانگریس پارٹی کے سربراہ جگن موہن ریڈی کل وجے واڑا میں ایک پتھر لگنے سے زخمی ہوگئے، انہیں بائیں آنکھ کے پاس چوٹ آئی ہے۔ یہ واقعہ کل دیر شام وجے واڑا میں ان کی انتخابی مہم کے دوران پیش آیا، جب وہ بس یاترا "Meman the Siddham" کے دوران لوگوں سے مل رہے تھے تبھی کسی نے اُن پر حملہ کردیا۔ رکن اسمبلی Vellampalli Srinivas، جو جگن کے بالکل برابر کھڑے تھے، انھیں بھی بائیں آنکھ کے پاس چوٹ آئی ہے۔ ڈاکٹر نے بس میں ہی جگن موہن ریڈی کی فور طور پر مرہم پٹی کی، جس کے بعد جناب ریڈی نے اپنی بس یاترا جاری رکھی۔

وزیراعلیٰ نے آج صبح Kesarapalli سے اپنی انتخابی مہم کو جاری رکھا ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ان کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے آندھرا

پردیش کے وزیراعلیٰ کی جلد صحتیابی اور اچھی صحت کے لیے دعا کی ہے۔x

## Telangana MIM

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین AIMIM کے صدر اسدالدین اویسی نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی تلنگانہ میں کسی پارٹی کے ساتھ اتحاد نہیں کرے گی۔ پارٹی امیدواروں کی سخت محنت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ اُن کی جیت کے تئیں کافی پرامید ہیں۔ جناب اویسی نے مزید کہا کہ اُن کی پارٹی شہریت ترمیمی قانون CAA کے نفاذ کے معاملے پر بی جے پی کی قیادت والی مرکزی حکومت کی مخالفت جاری رکھے گی۔

## Assam Consttiuency Profile

آسام کی 14 لوک سبھا سیٹوں میں کریم گنج اور سلچر پارلیمانی حلقہ بارک وادی میں واقع ہیں۔ ان پارلیمانی حلقوں میں بنگالی بولنے والے لوگوں کی اکثریت ہے۔ کریم گنج کے زیادہ تر ووٹرس اقلیتی فرقے سے تعلق رکھتے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC Sarswati Bhattacharya

*پچھلے لوک سبھا انتخابات میں کریم گنج پارلیمانی حلقے میں موجودہ ایم پی اور بی جے پی امیدوار کرپاناتھ ملاح نے 44 اعشاریہ چھ دو فیصد ووٹ حاصل کرکے AIUDF کے رادھے شیام بسواس کو 38 ہزار 389 ووٹوں سے ہرایاتھا۔ اس سال اس حلقے سے کُل 24 امیدوار میدان میں ہیں۔ موجودہ ایم پی اور بی جے پی امیدوار کرپاناتھ ملاح اقلیتی فرقوں کے ووٹروں تک پہنچنے کیلئے ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔انہیں ترقیاتی اقدامات میں مساوی حصہ داری دینے کا وعدہ کررہے ہیں۔وہیں کانگریس امیدوار ایڈوکیٹ حافظ راشد چودھری شہریت ترمیمی قانون CAA کے معاملے پر اقلیتی فرقوں کے لوگوں کو اکٹھا کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔AIUDF کے امیدوار شہاب الاسلام چودھری روہنگیا پناہ گزینوں کی سیکورٹی پر توجہ مرکوز کررہے ہیں۔انہیں اس معاملے پر کانگریس اور بی جے پی دونوں پارٹیوں کی طرف سے سخت تنقید کا سامنا ہے۔ کریم گنج پارلیمانی حلقے میں انتخابی گہما گہمی عروج پر ہے۔*

*سلچر سے سرسوتی بھٹاچاریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں مجیب اختر*

## BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## GONG

## AMBEDKAR Jayanti

ملک آج بھارت کے آئین کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کو اُن کے 134ویں یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔ اس موقع پر ملک بھر میں متعدد پروگراموں کا انعقاد جائے گا۔ اصل تقریب پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں منعقد ہوگی جہاں ان کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کئے جائیں گے۔صدرجمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے یوم پیدائش کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ بابا صاحب امبیڈکر نے ایک قانون داں، ماہرتعلیم، ماہر معاشیات، سماجی مصلح اور سیاسی رہنما کی حیثیت سے ملک اور سماج کے تئیں غیرمعمولی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی آئینی نظام میں اُن کا پرزور یقین ہماری جمہوریت اور بہتر حکمرانی کی بنیاد ہے۔

اپنے پیغام میں نائب صدرجمہوریہ نے کہا کہ ڈاکٹر امبیڈکر بھارت کے عظیم سپوت تھے۔وہ صرف بھارت کے آئین کے معمار ہی نہیں بلکہ سماجی انصاف کے علمبردار بھی تھے۔

## NHRC Sandeshkhali

انسانی حقوق کے قومی کمیشنNHRC نے مغربی بنگال کے سندیش کھالی معاملے میں پیش کردہ محل وقوع والی اپنی تفتیشی رپورٹ میں کئی حقوقِ انسانی کی کئی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی ہے۔کمیشن نے اپنی رپورٹ میں متاثرین کو تکلیف پہنچانے کے لیے ان کے ساتھ کئے گئے وحشیانہ سلوک کی کئی نظیریں پیش کی ہیں، جس میں بادی النظر میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس طرح کے واقعات کو روکنے میں کی گئی لاپروائی کے سبب حقوقِ انسانی کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔

انسانی حقوق سے متعلق پینل نے حادثے کے مقام کی اپنی تفتیشی رپورٹ چیف سکریٹری اور مغربی بنگال کے ڈائریکٹر جنرل آف پولس کے پاس بھیج دی ہے۔

اس رپورٹ میں NHRC نے مرکزی ایجنسیوں کے ذریعے قانونی ضابطے اور پراعتماد بحال کرنے اور حکام پر بھروسہ کرنے، گواہوں کی حفاظت کو یقینی بنانے، شکایات کا ازالہ کرنے اور شکایات کی منصفانہ چھان بین کرنے کی سفارشات کی ہے۔

## iran Attack Israel India

ایران کی طرف سے سینکڑوں ڈرون، بیلسٹک میزائل اور کروز میزائل داغے جانے کے بعد آج پورے اسرائیل میں صبح سویرے فضائی حملے کے سائرن کی آواز سنائی دی۔ ایران میں 1979 میں آئے اسلامی انقلاب کے بعد سے دونوں ملکوں کے درمیان دہائیوں سے جاری دشمنی کے باوجود ایران کی طرف سے اسرائیل پر یہ پہلا براہ راست فوجی حملہ ہے۔

اسرائیل کے فوجی ترجمان نے بتایا کہ ایران نے اسرائیل پر متعدد ڈرونز، کروزمیزائل اور بیلسٹک حملے کیے۔ ان حملوں میں سے زیادہ تر کو اسرائیل کی سرحدوں سے باہر ہی ناکام بنا دیا گیا۔

ایران نے ایک مال بردار جہاز کو بھی اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔اس جہاز پر سوار عملے کے افراد میں 17 بھارتی بھی شامل ہیں۔

## VIshu Keral

ویشو نیا ملیالی سال ہے۔ایک متحرک اور خوشی کا تہوار ہے جو کیرالہ اور جنوبی بھارت کے بہت سے حصوں میں بڑے جوش وخروش کے ساتھ منایا جاتاہے۔ یہ تہوار ملیالی مہینے Medamکے پہلے دن منایا جاتاہے جسے ویشو کہتے ہیں اور جو روایتی ملیالی کیلنڈر کے مطابق نئے سال کا آغاز ہے۔ یہ تہوار خوشی، جوش وجذبے اور فصل کے نئے سال کیلئے نئی امیدوں کا مظہر ہے۔

VC- Mayusha

*فصل اور خوشحالی کا تہوار ویشنو، کیرالہ کا نیا فلکیاتی سال ہے۔ اس دن بھگوان کرشن کی پوجا ارچنا کی جاتی ہے، جو ہر لحاظ سے کثرت کی علامت ہے۔ اس دن کا آغاز* **"Vishukani"** *سے ہوتاہے۔ یعنی اس دن نظر آنے والی کوئی بھی پہلی چیز، جس میں* **Kani Konna** *پھولوں، پھلوں، سبزیوں، سونے کے سکوں سے بھگوان کرشن کی پوجا کی جاتی ہے۔***Guruvayur**، *سری پدمانا بھاسوامی مندر، سبری مالا وغیرہ جیسے بڑے مندروں میں آج ویشنو کنی اور خصوصی پوجا ارچنا کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ جہاں صبح سے ہی بڑی تعداد میں عقیدت مند حصہ لے رہے ہیں۔ اس دن پر لوگ ساتھ مل کر خوشیوں بھرے ماحول کے ساتھ نئے سال کا آغاز کرتے ہیں۔*

***Thiruvananthanpuran*** *سے مایوشا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں محمد عمار*

**IMD Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے شمال مغربی بھارت کے علاقوں میں آج شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ان علاقوں میں کل تک گرج چمک کے ساتھ اوسط سے شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ IMD نے جموں، کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کل تک گرج چمک، دھول بھری آندھی اور ژالہ باری کے ساتھ شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

**Wrestling Asian C'Ship**

بھارتی پہلوان رادھیکا نے کل کرغستان کے بشکیک میں ایشیائی کشتی چیمپئن شپ میں خواتین کے68 کلوگرام کے زمرے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ وہیں شیوانی پوار نے خواتین کے 50 کلوگرام کے زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا، جس کے ساتھ ہی چیمپئن شپ کے تیسرے دن بھارتی کھلاڑیوں نے دو تمغے اپنے نام کیے۔

اس چیمپئن شپ میں بھارت نے اب تک پانچ تمغے جیتے ہیں۔ جمعرات کو مردوں کے Freestyle Division میں Udit نے چاندی کا جبکہ Abhimanyou اور Vicky نے کانسے کے تمغے جیتے تھے۔x

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں کل رات چنڈی گڑھ کے مہاراجہ یدویندرسنگھ بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔ راجستھان رائلس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ پنجاب کنگس نے مقررہ بیس اوورس میں 8 وکٹ پر 147 رن بنائے، جس کے جواب میں راجستھان رائلس نے 19 اوورس پانچ گیندوں میں سات وکٹ کے نقصان پر جیت کا نشانہ حاصل کرلیا۔

آج کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں سہ پہر ساڑھے تین بجے کولکاتہ نائٹ رائڈرس کا سامنا لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا۔

ایک دیگر میچ میں ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے ممبئی انڈینس کا مقابلہ چنئی سے سپرکنگس سے ہوگا۔

یہ تھیں خبریں

**PRESS COMMENTS**

*اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر*

*شکریہ -آسیہ*

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے اسرائیلی بحری جہاز پر ایران کے قبضہ کی خبر کو پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ اس واقعے سے ایران اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی میں شدت پیدا ہوگئی ہے۔ اِس دوران بھارت سرکار کے افسران اس پر سوار 17 بھارتی عملے کی رہائی کے لیے مسلسل ایرانی افسران کے رابطے میں ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے بھارت اور سنگاپور کی سپریم کورٹ کی دو روزہ کانفرنس میں چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کے خطاب کی خبر کو اہمیت دی ہے جس میں انھوں نے کہا کہ وسائل کا غلط استعمال بطور جج ہمارے لیے سب سے بڑا چیلنج ہے۔ اخبار نے دلی کے لیفٹننٹ گورنر وی۔کے۔ سکسینہ کے حوالے سے یہ بھی خبر دی ہے کہ دلی میں بجلی سبسڈی جاری رہے گی۔

روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیراعظم کی طرف سے جلیان والا باغ قتل عام کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیے جانے کی خبر کو اولیت دی ہے۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ان شہیدوں کی حب الوطنی کے جذبے سے آئندہ نسلیں

ہمیشہ تحریک حاصل کرتی رہیں گی۔

جب کہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے بی جے پی کے انتخابی منشور کے آج جاری کیے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی موجودگی میں اسے جاری کیا جائے گا۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کیلئے چناؤ مہم عروج پر ہے۔ حکمراں اور اپوزیشن اتحاد کے سرکردہ رہنما ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہرممکن کوشش کررہے ہیں۔

2 بی جے پی آج اپنا انتخابی منشور جاری کرے گی۔کانگریس نے لوک سبھا انتخابات کیلئے 16 امیدواروں پرمشتمل ایک اور فہرست جاری کی ہے۔

3 ملک آج بھارت کے آئین کے معمارِ اعلیٰ ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ان کی سالگرہ پر خراج عقیدت پیش کررہا ہے۔

4 ایران نے اسرائیل پر ڈرون حملے کئے ہیں۔ اس نے ایک مال بردار جہاز کو بھی اپنے قبضے میں لے لیا ہے۔ اس جہاز پر سوار عملے کے افراد میں 17 بھارتی شامل ہیں۔

5 اور آئی پی ایل کرکٹ میں

کل رات چنڈی گڑھ میں راجستھان رائلس نے پنجاب کنگس کو تین وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---